۷) دورِ حاضر میں عالمِ اسلام اپنا دفاع اور جہاد کیسے کرے؟

ہر باب میں کئی فصلیں ہیں اور ہر فصل ایک اہم موضوع ہے۔ جہاد ایک مقدس لفظ ہے۔ قرآن مجید اور احادیث رسولؐ میں اس کا ذکر کثرت کے ساتھ موجود ہے' مگر آج کے دور میں مسلمانوں کی ایمانی' عملی اور مادی کمزوری نے اس لفظ کے تقدس کو ختم کر دیا ہے۔ مصنف نے مختلف ضمنی موضوعات کو زیرِ بحث لا کر تمام قسم کے شکوک وشبہات کو دُور کر کے جہاد کی صحیح صورت کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔ مصنف نے ثابت کیا ہے کہ جہاد ایک مقدس فریضہ ہے جو ہر مسلمان کی ذاتی زندگی اور مسلمان معاشرہ دونوں میں ہمہ وقت جاری وساری رہنے والا عمل ہے اور اس میں کسی اعتبار سے بھی ظلم وزیادتی کا کوئی عنصر شامل نہیں۔ مسلمان تو ہمیشہ سے امن پسند اور سلامتی کے خواہاں ہیں۔ اس کتاب کا مطالعہ نہ صرف اس موضوع پر جامع ومانع معلومات فراہم کرے گا بلکہ عملِ جہاد کی مختلف توجیہات کے ضمن میں لوگوں میں جو غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں ان کا بھی ازالہ کرے گا۔ جہاد کے بارے میں کسی بھی قسم کا شبہ اِس کے پڑھنے سے دُور ہو جائے گا اور اس ضمن میں ذہن میں اٹھنے والے ہر سوال کا تسلی بخش جواب بھی مل جائے گا۔

کتاب کا ٹائٹل خوبصورت اور جلد مضبوط ہے۔ کمپوزنگ کی اغلاط کہیں کہیں موجود ہیں۔ کتاب پر قیمت درج نہیں۔

## (۳)

نام کتاب : ھدیۃ العروس

مصنف : حافظ مبشر حسین لاہوری

ضخامت:600 صفحات ...... قیمت :210روپے

ملنے کا پتہ: نعمانی کتب خانہ' حق سٹریٹ' اردو بازار لاہور

''ھدیۃ العروس'' ایک معلومات افزا کتاب ہے جس میں ازدواجی وخانگی زندگی کے احکام و مسائل بڑی تفصیل سے درج کئے گئے ہیں۔ حافظ مبشر حسین لاہوری معروف مصنف ہیں۔ اس کتاب کے علاوہ انہوں نے کچھ اور کتب بھی لکھی ہیں جو شائع ہو چکی ہیں' مثلاً پیشین گوئیوں کی حقیقت' اسلام میں تصورِ جہاد' جہاد اور دہشت گردی' قیامت کی نشانیاں اور کتاب الدعاء وغیرہ۔

© rasailojaraid.com